الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دارالافتاء والقضاء

ای میل:darulifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون:2560300-2560400 فیکس:2564586

MODE: **Regular**

Name : **Muhammad Anas**
Address : **Daska Raod Sialkot**
Subject : **NAMAZ**
Writer : امین اللہ

Serial No : **17817**
Date : **11/26/2012**
Contact No:
Email :

Ham 1 factory main kaam kertay hain. Hum Imam Abu Hanifa k Muqalid hain. Garmi k mosam main hum Asar ki Namaz 04:45 pe partay hain jab k Ulma k nazdeek time 05:00 bajay ya is k baad start hota hay. Factory k worker kaafi dour se aatay hain aor Factory ki bus main wapas jatay hain. agr hum Factory main Namaz na parhein to may be bohat se workers ki namaz qza ho ja a. Wakt se pehlay hamara namaz parhna darust hay ya nai ?

ہم ایک فیکٹری میں کام کرتے ہیں۔ ہم امام ابوحنیفہؒ کے مقلد ہیں۔ گرمی کے موسم میں ہم عصر کی نماز 4:45 پے پڑھتے ہیں جبکہ علماء کے نزدیک وقت 5:00 بجے یا اسکے بعد داخل ہوتا ہے۔ فیکٹری کے ورکر کافی دور سے آتے ہیں اور فیکٹری کی بس میں واپس جاتے ہیں۔ اگر ہم فیکٹری میں نماز نہ پڑھیں تو راستے میں بہت سے ورکرز کی نماز قضاء ہو جاتی ہے۔ وقت سے پہلے ہمارا نماز پڑھنا درست ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً

جب ایک نماز کا وقت داخل ہو کر وہ لازم ہی نہیں ہوئی تو قبل از وقت اسکی ادائیگی کیونکر ممکن ہے اور پھر جب یہ گاڑی باقاعدہ ملازمین کو لانے لیجانے کیلئے کمپنی کیطرف سے مقرر کی گئی ہے قضاء ہونے کا بھی احتمال نہیں۔ اسلئے گاڑی میں بیٹھنے والوں کو پہلے سے وضو کر کے بیٹھنا چاہیے اور کسی بھی راستہ کی مسجد کے قریب تھوڑی دیر کیلئے گاڑی کھڑی کروا کر باجماعت بھی نماز ادا کر سکتے ہیں اس طرح کرنے سے نہ تو وقت ضائع ہوگا نہ جماعت فوت ہونے کا اندیشہ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ نماز اپنے وقت کے اندر ادا ہو جائے گی۔ اسلئے اسی طرزِ عمل کے موافق اہتمام کرنے کی اشد ضرورت ہے

وفی احکام القرآن: قال الامام الجصاصؒ (تحت الایۃ ان الصلوۃ کانت علی المومنین کتابا موقوتا) روی عن ابن مسعودؓ انہ قال ان لصلوۃ وقتا الخ (الی قولہ) قال ابوبکر قد انتظم ذالک ایجاب الفرض ومواقیتہ لان قولہ تعالیٰ (کتابا) معناہ فرضا وقولہ (موقوتا) معناہ انہ مفروض فی اوقات معلومۃ الخ (ج ۲ ص ۲۶۶)۔

واللہ اعلم

محمد امین اللہ عفی عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۲-۸-۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۰-۸-۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دارالافتاء جامعہ بنوریہ
۲۱ شعبان ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
[illegible]

رئیس
دارالافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دارالافتاء
۱۷۸۱۷
۲۹-۸-۱۴۳۴ھ

نائب رئیس
دارالافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

9-7-2013